نقـــد و تبصره

(تبصرے کے لیے دو نسخے ارسال فرمائیے)

ماهنامہ ندائے سنت لکھنؤ

زیـــر ادارت - عبد العلیم فاروقی
زیـــر اهتمام - دارالمبلغین لکھنؤ

بدل اشتراک - سالانہ ۱۶ روپے ، ششماهی ۹ روپے ، فی شمارہ پونے دو روپے هندوستانی۔ پاکستان سے - ۳۵ روپے هندوستانی یا ۴۵ روپے پاکستانی - ممالک غیر سے۔ بحری ڈاک ۳ پونڈ ، هوائی ڈاک ٦ پونڈ -
پتـــا - پاٹا نالہ - لکھنؤ ۲۲٦۰۰۳ - یو پی - انڈیا -

دار المبلغین لکھنؤ کا ترجمان یہ رسالہ قرآن وحدیث کی روشنی میں اسلامی تعلیمات کی اشاعت کے علاوہ نعت و منقبت اور مدح صحابہ جیسے موضوعات پر بھی دلچسپ اور مفید معلومات اور صحیح نقطہ نظر کا حامل مواد پیش کرتا ہے۔ دسمبر ۱۹۸۰ کا شمارہ اس وقت همارے پیش نظر ہے۔ اس میں سب سے پہلے صفحہ اول پر " اسلام کی بے نظیر تعلیمات" کے زیر عنوان قرآن مجید کی منتخب آیات اور احادیث بصورت ترجمہ درج کی گئی هیں - اس کے بعد اداریہ اور پھر مضامین اور نظمیں هیں - مضامین میں " حج کی اخلاقی اهمیت" ، " قرآن کیا ہے" ، " صحابہ کرام اور ان کا عالی مقام" اور " شهید محراب" جیسے عنوانات شامل هیں -

(شرف الدین اصلاحی)